© rasailojaraid.com

**پاکستان، بنگلہ دیش اور جنوبی ایشیا کی سیاست**

تالیف:۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب

شائع کردہ: نورسی پبلیکیشنز، مین روڈ لیاقت آباد، کراچی نمبر ۱۹

صفحات ۱۷۲ قیمت چھ روپے

سقوط ڈھاکہ کوئی اتفاقی حادثہ نہ تھا بلکہ یہ ان ناپاک عزائم کی تکمیل کا ایک مرحلہ ہے جو اسلام دشمن طاقتیں نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیائے اسلام کے خلاف رکھتی ہیں مگر افسوس ہے کہ ہمارے سربراہوں نے اس حادثہ کو اس کے صحیح تناظر میں سمجھنے کی کوشش نہیں کی اور اسے ایک معمولی سانحہ سمجھتے ہوئے نظرانداز کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب پوری امت کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اُن ناپاک عزائم کی نقاب کشائی کی ہے جو غیر مسلم قومیں اسلام اور پاکستان کے خلاف اپنے سینوں میں پال رہی ہیں۔ فاضل مصنف اس وقت چونکہ انگلستان میں تحقیق و مطالعہ کے کام میں مصروف ہیں اس لیے انہیں وہاں بہت سا ایسا مواد فراہم ہو گیا ہے جو پاکستان میں رہنے والوں کی دسترس سے باہر ہے۔ انہوں نے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے اور دستاویزی شہادتوں کے ساتھ جنوبی ایشیا کی سیاست میں کام کرنے والے عوامل کی نشاندہی کی ہے جن کا ایک نتیجہ سقوطِ ڈھاکہ ہے۔ پاکستان بلکہ پوری دنیائے اسلام کو آنے والے خطرات سے پروفیسر صاحب نے بروقت متنبہ کیا ہے۔ خدا کرے کہ ان کا یہ انتباہ حالات کو سمجھنے اور صحیح اقدام کرنے میں ممد و معاون ثابت ہو۔

---

**THE MIDDLE EAST TO-DAY**

**مشرق اوسط عہد حاضر میں**

تالیف:۔ پروفیسر محمود بریلوی۔

صفحات:۔ ۱۱۴ قیمت:۔ ۱۵ روپے

زیر تبصرہ کتاب کے مصنف پروفیسر محمود بریلوی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ دنیائے اسلام خصوصاً مشرق اوسط کے سیاسی اور اقتصادی مسائل پر وہ گہری نظر رکھتے ہیں اور ان مسائل کے تجزیہ پر وہ پہلے بہت قابلِ قدر مواد پیش کر چکے ہیں۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ یہ تصنیف ۲۲ ابواب پر مشتمل ہے۔ ان میں سے تین ابواب میں تو فکری اور نظریاتی مباحث شامل ہیں باقی ابواب میں مشرق اوسط کے متعدد ممالک کے بارے میں نہایت ٹھوس معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ فاضل مصنف نے مشرق اوسط پر نیشنلزم کے اثرات اور اشتراکی یلغار دونوں کا سلجھے ہوئے انداز میں جائزہ لیا ہے۔

© rasailojaraid.com